کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے آج وفد کے ہمراہ آئی جی بلوچستان معظم جاہ انصاری سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی، ملاقات میں صوبے میں امن و امان کی صورتحال سمیت دیگر انتظامی معاملات اور باہمی دلچسپی کے موضوعات پر گفتگو ہوئی صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے بلوچستان میں قیام امن کو برقرار رکھنے کے لیے پولیس اور دیگر سیکورٹی اداروں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ان کی قربانیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ آئی جی بلوچستان معظم جا انصاری نے صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری کو بطور صوبائی مشیر بلدیات انتظامی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا وفد میں نمائندہ خاص نواب زہری ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار حاجی صلاح الدین زہری سردار زادہ میر ظفر اللہ خان ساسولی سینئر بیوروکریٹ محمد ایوب قریشی اور خان محمد زہری بھی شامل تھے۔

## بھاگ کو ماڈل سٹی بنانے کے اعلان پر قائم ہیں، عاصم گیلو

**ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے عوام تبدیلی محسوس کرینگے، صحافیوں سے گفتگو**

بھاگ (نامہ نگار) صوبائی وزیر ریونیو میر محمد عاصم کرد گیلو کہا ہے کہ الیکشن میں عوام سے جو وعدے کیے ہیں وہ پورا کرینگے ایک سال کے دوران جو بھی کام ہوا ہے وہ زمین پر نظر آرہا ہے انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بھاگ ناڑی میں ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے عوام خود تبدیلی محسوس کرینگے، تعلیمی اداروں، صحت، سڑکوں، کھیل اور اسٹریٹ لائٹس کے حوالے سے ہونیوالے تمام کام عوام کے سامنے ہیں بھاگ کو ماڈل سٹی بنانے کے اعلان پر قائم ہیں بھاگ بختیار آباد شاہراہ کی تعمیر اولین ترجیح ہے اس پر بھی جلد کام شروع ہوگا بھاگ میں موٹر سائیکلیں اور موبائل فونز چھیننے کی وارداتوں کے حوالے سے آج پیر کو ڈھاڈر میں کھلی کچہری کا انعقاد ہوگا اس میں عوام اپنے مسائل سے آگاہ کریں انکی شکایات کا ازالہ ممکن بنائینگے۔

MASHRIQ QUETTA

## موجودہ حکومت کارکردگی کی بنیاد پر مدت پوری کریگی، سلیم کھوسہ

**آنیوالا وقت بلوچستان کی ترقی و عوام کے مسائل حل کرنے کا ہے، وزیر مواصلات**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت کارکردگی کی بنیاد پر اپنی مدت پوری کریگی اور عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے بھرپور کوشش جاری رکھی ہوئی ہے آنیوالا وقت بلوچستان کی ترقی اور عوام کے مسائل حل کرنے کا ہے بلوچستان بھر کے مختلف ہائی ویز پر کام تیز کیا جائے گا تاکہ آنیوالی بجٹ سے قبل اسکیمات مکمل کرسکیں، یہ بات انہوں نے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

میں ترقیاتی عمل کو جاری رکھنے کیلئے وقت کا تقاضا ہے کہ ہم ماضی کی طرح صرف فائلوں تک نہیں بلکہ عملی اقدامات پر زور دیں اور جہاں بھی ناقص میٹریل یا کرپشن کی بنیاد پر کام جاری رہا ان کو ختم کرکے میرٹ کے مطابق کام کا آغاز کرسکے موجودہ حکومت نے ایک سال کے دوران جو کامیابیاں حاصل کی ہے ان کو مزید بھی نہ صرف جاری رکھیں گے بلکہ میں مزید وسعت لائیں گے انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کارکردگی کی بنیاد پر اپنی مدت پوری کریگی اور عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے بھرپور کوشش جاری رکھی ہوئی ہے آنیوالا وقت بلوچستان کی ترقی اور عوام کے مسائل حل کرنے کا ہے بلوچستان بھر کے مختلف ہائی ویز پر کام تیز کیا جائے گا تاکہ آنیوالی بجٹ سے قبل اسکیمات مکمل کرسکیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 2

Dated: 17 FEB 2025 Page No. 5


## سائنس کالج میں غیر قانونی تعمیرات اور تجاوزات کیخلاف کارروائی

### امداد چوک، سلیم کمپلیکس اور سائنس کالج چوک سے بھی تجاوزات ختم

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ کی زیر نگرانی کوئٹہ کے تعلیمی ادارے گورنمنٹ سائنس کالج میں غیر قانونی تعمیرات اور تجاوزات کے خلاف کاروائی کی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) کیپٹن (ر) عبداللہ بن عارف نے سی اینڈ ڈبلیو کیا فیسران کے ہمراہ کالج میں غیر قانونی تعمیرات و تجاوزات کو مکمل طور پر ختم کروایا اس دوران کالج انتظامیہ کے ساتھ پورے کالج، گراونڈ، اور ہاسٹل کا دورہ کیا گیا گورنمنٹ سائنس کالج میں مختلف جگہوں پر چند تجاوزات کی نشاندہی کی گئی جس پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی نے کہا کہ ان تمام تجاوزات اور غیر قانونی تعمیرات کا جلد مکمل خاتمہ کیا جائیگا اسکے علاوہ ضلعی انتظامیہ کی زیر نگرانی سب ڈویژن سٹی کے مختلف مقامات پر انسداد تجاوزات اور غیر قانونی تعمیرات کیخلاف آپریشن کیا گیا اس سلسلے میں اسپیشل مجسٹریٹ سب ڈویژن (سٹی) احسام الدین کاکڑ نے سی اینڈ ڈبلیو کی ٹیموں کے ہمراہ ہیوی مشینری سے امداد چوک، سائنس کالج چوک، سلیم کمپلیکس چوک کی مختلف جگہوں پر غیر قانونی تجاوزات اور تعمیرات کو مسمار کیا اس دوران متعدد دکانداروں کو سخت وارننگ جاری کی گئیں ضلعی انتظامیہ سی اینڈ ڈبلیو اور میونسپل کارپوریشن کے عملے کے ہمراہ سب ڈویژن سٹی میں روزانہ کی بنیاد پر تجاوزات کیخلاف اپنی کاروائیاں جاری رکھے گی۔


INTEKHAB QUETTA


## گوادر کتاب میلہ اختتام پذیر 28 لاکھ روپے کی کتابیں فروخت

### آرسی ڈی کونسل گوادر کے زیر اہتمام جاری کتاب میلہ اختتام پزیر، چار روز جاری رہا

### کتاب دوستی خود کسی انقلاب سے کم نہیں۔ نوجوان کتابوں سے رغبت رکھیں علم اور جستجو کی تڑپ کامیابی کا زینہ ہے، مقررین

گوادر (بیورو رپورٹ) آرسی ڈی کونسل گوادر کے زیر اہتمام جاری کتاب میلہ اختتام پزیر۔ چار روز جاری رہنے والے کتاب میلہ میں ریکارڈ 28 لاکھ روپے سے زائد کی کتابیں فروخت۔ کتابوں کی اتنی بڑی تعداد میں فروخت ہونا یہاں کے لوگوں کی علم و شعور سے لگاؤ کا مظہر ہے۔ کتاب دوستی خود کسی انقلاب سے کم نہیں۔ نوجوان کتابوں سے رغبت رکھیں علم اور جستجو کی تڑپ کامیابی کا زینہ ہے۔ مقررین کا خطاب۔ آرسی ڈی کونسل گوادر کے زیر اہتمام گوادر کتاب میلہ کا نواں ایڈیشن شاندار اختتامی تقریب کے ساتھ اختتام کو پہنچا۔ تقریب کے مہمان خاص ایم پی اے گوادر مولانا ھدایت الرحمن بلوچ تھے۔ اختتامی

بقیہ نمبر 31 صفحہ 5 پر

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایم پی اے مولانا ھدایت الرحمن بلوچ، سیکریٹری فشریز انور شفقت شاحوانی، انوار مغل سماجی کارکن سفینہ فراز، آرسی ڈی کونسل گوادر کے سرپرست اعلی خدا بخش ھاشم اور صدر ناصر رحیم سہرابی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کتابوں سے انسانوں کا تعلق خدائی فیصلہ ہے اس سے انسان کا خدا سے جڑ جاتا ہے۔ دنیا چاہے جتنی بھی ترقی کرے لیکن تین چیزوں سے انسان، قلم اور کتاب سے باہر نہیں جاسکتا۔ کتاب آخرت میں بھی انسان کو پڑھایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کمپیوٹر کے بورڈ اور رسل و رسائل کی جدید ٹیکنالوجی کے باوجود قلم کی اہمیت مسلمہ ہے اور رہے گی، کتاب ہمیں شعور سے آراستہ کرتا ہے، صحیح اور غلط میں تمیز کرنا سکھاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اہل بلوچستان کو شروع سے قلم اور کتاب سے تعلق ہے جو لوگ کہتے ہیں کہ بلوچ جاہل اور ان پڑھ ہیں ان کا نقطہ نظر باطل ہے اگر بلوچ جاہل ہوتے تو وہ لاکھوں کی کتاب نہیں خریدتے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہر شعبہ میں تعلیم یافتہ اور قابل لوگ موجود ہیں لیکن ان کو نظر انداز کیا جاتا ہے۔ ہر شعبہ میں باصلاحیت لوگ موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آرسی ڈی کونسل گ؟ دار اور اس کی انتظامیہ شاندار کتاب میلے کے انعقاد پر خراج کا مستحق ہے یہ ہر لحاظ سے ایک شاندار ایونٹ رہی ہے، جس میں علم و ادب اور دیگر امور پر لوگوں کو آگاہی دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ کتابوں کی اتنی بڑی تعداد میں فروخت ہونا خوش آئند ہے جو مکران کے لوگوں کی علمی اور شعوری بالیدگی کی غمازی کرتی ہے جو حوصلہ افزا ہے گوادر کے نوجوانوں کا کتابوں سے شوق خوش آئند ہے اب ان کی [ترقی] کا کوئی بھی راستہ نہیں روک سکتا۔ انہوں نے کہا کہ جو بلوچ کو [د]ہشت گرد تصور کرتے ہیں اس کتاب میلے نے ان کے تصور کو رد کیا ہے یہ کتابوں سے محبت کرنے والوں کی سرزمین ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں نے اپنے ذہن میں جو سوچ اختیار کی ہے وہ اپنی کوشش [ج]اری رکھیں تعلیم کو اپنا شعار بنائیں کامیابی ان کے قدم چومے گی۔ [ا]نہوں نے کہا کہ اس کتاب میلے کا تھیم موسمیاتی تب؟ دیلیوں کے [ب]ارے میں تھا اس میں کوئی شک نہیں کہ موسمیاتی تبدیلیوں سے گوادر بھی متاثر ہے، بلوچستان میں موسمیاتی تبدیلیوں کے حوالے سے پالیسی تیار ہے جس پر عمل درآمد کی ضرورت ہے موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لئے ہر طبقہ اپنا کردار ادا کرے تاکہ اس کے اثرات کم سے کم ہوں۔ اختتامی تقریب چندن ساج، عمر فاروق اور نیاز ابراہیم نے بھی خطاب کیا۔ اختتامی تقریب کے موقع پر اعلان کیا گیا کہ چار روز جاری رہنے والے کتاب میلہ میں کتابوں کے 29 اسٹالز لگائے گئے تھے جہاں پر 28 لاکھ 66 ھزار 8 سو 50 پچاس روپے کی کتابیں فروخت ہوئیں جس میں گیارہ بلوچی کتابوں کے اسٹالز بھی شامل تھے بلوچی کے کتابوں کے اسٹالز سے 10 لاکھ 86 ہزار روپے کی کتابیں خریدی گئیں۔ کتاب میلے میں بلڈ ڈونیشن کیمپ بھی لگایا گیا جہاں 70 کے قریب لوگوں نے اپنے خون کے عطیات دیے۔ اختتامی تقریب کے نظامت کے فرائض رحمت اللہ نے ادا کیے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 17 FEB 2025 Page No. 16

## بلوچستان کے معروضی حالات میں مذاکرات کے امکانات کم ہیں، مالک بلوچ

گوادر پورٹ بظاہر حربی مقاصد کیلئے استعمال ہونے کا خدشہ، سی پیک منصوبوں سے بلوچستان کو کوئی فائدہ نہیں ملا، سربراہ نیشنل پارٹی

مقتدرہ بلوچستان کے مسئلے کو حل کرنا نہیں بلکہ اپنی پالیسی کے تحت کو چلانا چاہتی ہے، ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ

جب تک بلوچستان بارے پالیسی تبدیل نہیں ہوتی یہ صوبہ اسی طرح سلگتا رہے گا، آر سی ڈی کونسل کے زیر اہتمام گوادر کتاب میلہ میں سیشن سے خطاب

گوادر (آن لائن) بلوچستان میں اس وقت لاپتہ افراد کا مسئلہ سنگین رخ اختیار کر چکا ہے بلوچستان کے معروضی حالات میں مذاکرات کے کارگر ہونے کے امکانات کم ہیں گوادر پورٹ اور ایئر پورٹ بظاہر حربی مقاصد کیلئے استعمال ہونے کا خدشہ ہے سی پیک کے منصوبوں سے بلوچستان کو کوئی فائدہ نہیں ملا ہے۔ آئین پر عمل کرنے سے ریاست کی سمت درست ہو سکتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار نیشنل پارٹی کے........

بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

مرکزی صدر سابقہ وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے آر سی ڈی کونسل کے زیر اہتمام گوادر کتاب میلہ میں منعقدہ بلوچستان کی موجودہ صورتحال کے موضوع پر منعقد سیشن میں گفتگو کرتے ہوئے کیا اس سیشن کی میزبانی ملک کے معروف صحافی و مصنف مظہر عباس کر رہے تھے میزبان کی طرف سے پوچھے گئے تیز و تند سوالات کا جواب دیتے ہوئے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے بارے میں مقتدرہ کی پالیسی عوام دوست نہیں بلکہ بلوچستان کیلئے سیکورٹی نقطہ نظر سے پالیسیاں مرتب کی جاتی ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں چار پانچ اضلاع کے سوا اکثریتی اضلاع میں مقتدرہ کے منظور نظر اسمبلی تک پہنچتے ہیں اور اکثریتی اضلاع میں جاگیرداری اور قبائلیت ہے جہاں سماجی ارتقاء کا تصور محال ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت جو اسمبلی چل رہی ہے

## وزیراعلیٰ اور صوبائی وزیر میں صلح کیلئے کسی کو ذمہ داری نہیں دی، پیپلز پارٹی

حتمی فیصلہ صدر مملکت آصف علی زرداری اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کریں گے

بعض پارلیمانی ارکان نے اپنے تحفظات سے فریال تالپور کو آگاہ کیا ہے، پارٹی ذرائع

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے اندرونی ذرائع نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ پیپلز پارٹی بلوچستان میں جاری اختلافات کو لیکر حتمی فیصلہ صدر مملکت آصف........

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

علی زرداری اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کریں گے، اب تک کسی بھی رہنما کو وزیراعلیٰ یا صوبائی وزیر کے درمیان صلح کروانے سمیت باقاعدہ طور پر کوئی ذمہ داری نہیں دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق پیپلز پارٹی کے ذرائع نے دعویٰ کیا ہے کہ بلوچستان میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر میر علی حسن زہری کے درمیان اختلافات کی خبریں منظر عام آنے کے بعد گزشتہ روز پارٹی کی شعبہ خواتین کی صدر فریال تالپور نے صوبے کے پارلیمنٹیرینز سے ملاقات کی جس میں ہر ایک رکن سے ان کی کارکردگی، حکومتی امور سمیت دیگر اہم معاملات پر بات چیت کی گئی۔ اس موقع پر بعض پارلیمانی ارکان نے اپنے تحفظات سے فریال تالپور کو آگاہ کیا ہے۔ جس کے بعد پیپلز پارٹی کی خواتین ونگ کی صدر فریال تالپور اس معاملے پر صدر مملکت آصف علی زرداری اور پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو صورتحال سے آگاہ کریں۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے بیرون ملک دورے کے بعد پارٹی کی ہائی کمان اس حوالے سے مشاورتی نشست کریگی جس کے بعد ہی حتمی فیصلہ کیا جائیگا۔ ذرائع کا یہ بھی وضاحت کی ہے کہ پارٹی نے فی الحال کسی بھی پارلیمانی رکن یا رہنما، کو وزیراعلیٰ اور صوبائی وزیر کے مابین صلح صفائی کروانے سمیت دیگر امور طے کرنے کی ذمہ داری دینے کا فیصلہ نہیں کیا کیونکہ پارٹی کے تمام فیصلے کرنے کا اختیار چیئرمین، شریک چیئرمین اور مرکزی قیادت کے پاس ہی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 17 FEB 2025 Page No. 17


## قلات اور آواران میں دہشتگردی، 1 لیویز اہلکار شہید، 3 زخمی

قلات کے علاقے توغو چھپر میں لیویز چیک پوسٹ کو نشانہ بنایا گیا، جوانوں نے جرات اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے حملے کو ناکام بنایا

**ایک اہلکار شہید اور دو زخمی ہوئے، شہید علی نواز سرکاری اعزاز کیساتھ سپرد خاک، مشکے آواران میں بھی پولیس تھانے اور چیک پوسٹ نشانہ بنی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) قلات کے علاقے توغو چھپر اور مشکے آواران میں دہشت گردوں کے لیویز چیک پوسٹ، پولیس تھانے پر حملوں میں ایک اہلکار شہید اور تین زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق قلات کے علاقے توغو چھپر میں دہشتگردوں نے لیویز کی چیک پوسٹ پر حملہ کر دیا۔ لیویز ذرائع کے مطابق اتوار کی صبح 5 بجے دہشت گردوں نے چیک پوسٹ پر شدید فائرنگ شروع کر دی۔ چیک پوسٹ پر موجود تین جوانوں نے جرات اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے جوابی کارروائی کی۔ شدید فائرنگ کے باعث لیویز کانسٹیبل علی نواز شہید جبکہ دو اہلکار کانسٹیبل غلام علی ولد گل محمد، محمد ایوب ولد واحد بخش شدید زخمی ہو گئے۔ جوانوں نے زخمی حالت میں جوابی کارروائی کرتے ہوئے حملہ آوروں کو چیک پوسٹ کی جانب بڑھنے سے روک دیا اور حملہ آور قریبی پہاڑوں پر فرار ہو گئے۔ اطلاع ملنے پر سیکورٹی فورسز، سی ٹی ڈی، لیویز اور پولیس کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ علاقے کو گھیرے میں لے کر لاش اور زخمیوں کو قلات ہسپتال منتقل کیا جہاں طبی امداد کے بعد زخمیوں کو مزید علاج کیلئے سول ہسپتال کوئٹہ کے ٹراما سنٹر منتقل کر دیا گیا جبکہ سیکورٹی فورسز نے دہشت گردوں کی گرفتاری کیلئے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے۔ دہشتگردی کے دوسرے واقعے میں مشکے آواران میں مسلح افراد نے پولیس تھانے اور لیویز چیک پوسٹ کو نشانہ بنایا۔ اس حملے میں ایک پولیس اہلکار زخمی ہوا مسلح افراد پولیس اور لیویز اہلکاروں سے اسلحہ، وائرلیس سیٹ سمیت دیگر سامان چھین کر فرار ہو گئے۔ دریں اثناء توغو چھپر میں لیویز چیک پوسٹ پر حملے میں شہید ہونے والے اہلکار کی نماز جنازہ اس کے آبائی گاؤں میں ادا کر دی گئی۔ لیویز کے چاق و چوبند دستے نے سلامی دی نماز جنازہ میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو قلات سمیت دیگر افسران اور لواحقین نے شرکت کی۔ شہید علی نواز لانگو کو سرکاری اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کیا گیا۔

Century Express Quetta

## ہزارہ ٹاؤن میں فورسز چیک پوسٹ پر حملے کی کوشش ناکام

**نامعلوم افراد کی جانب سے فائر کیے گئے چار راکٹ پوسٹ کے قریب گر کر پھٹ گئے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے ہزارہ ٹاؤن میں سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر حملے کی کوشش ناکام نامعلوم افراد کی جانب سے فائر کیے گئے چار راکٹ چیک پوسٹ کے قریب گر کر پھٹ گئے پولیس کے مطابق ہزارہ ٹاؤن کے علاقے کرانی میں قائم سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر نامعلوم افراد نے یو بی جی ایل بم فائر کیے جو چیک پوسٹ کے قریب گر کر زوردار دھماکوں سے پھٹ گئے اطلاع ملنے پر پولیس سیکورٹی فورسز بم ڈسپوزل (باقی صفحہ 5 نمبر 11)

اسکواڈ نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا تاہم کوئی جانی و مالی نقصان نہیں ہوا۔ بم ڈسپوزل اسکواڈ کے مطابق یو بی جی ایل دستی بم کی طرح کا ہوتا ہے جسے رائفل کے ذریعے فائر کیا جاتا ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## تمپ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

تمپ (نامہ نگار) مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جان بحق، ضلع کیچ کی تحصیل تمپ کے علاقہ شنکن گومازی میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے معراج ولد عبدالقادر سکنہ گومازی تمپ جان بحق ہو گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق انہیں گھر کے قریب نامعلوم افراد نے آتشی اسلحہ سے گولی مار کر قتل کیا۔ تاہم قتل کی وجوہات معلوم نہ ہوسکیں پولیس مزید کارروائی کر رہی ہے۔

## وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کا موسیٰ جان کی والدہ کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سابق کوآرڈینیٹر موسیٰ جان کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے انہوں نے موسیٰ جان سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی وزیر اعلیٰ اتوار کو موسیٰ جان کے ہاں گئے جہاں انہوں نے فاتحہ خوانی کی اور غمزدہ خاندان کے ساتھ دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 5

Bullet No.

Dated: 16 FEB 2025 Page No. 18

# مہنگائی کا توڑ، حکومتی حکمت عملی، اب وزرا چینی بیچیں گے

ملک میں رمضان کی آمد سے قبل ہی مہنگائی کا ایک طوفان آ گیا ہے، گزشتہ جمعہ شب برات کے باعث عوام کی کثیر تعداد نے روزہ رکھنے کا اہتمام کیا اور اچانک سو روپے درجن فروخت ہونے والا کیلا ڈھائی سو سے تین سو روپے فی درجن تک پہنچ گیا، یہی حال باقی پھلوں کا بھی رہا، جوں جوں رمضان کا بابرکت مہینہ قریب آئے گا، اشیا خور ونوش سمیت دیگر اشیا کی قیمتوں میں اضافہ ہوتا جائے گا۔ خاص طور پر کالے اور سفید چنے، بیسن، چینی، پھل اور کپڑے وغیرہ کی قیمتیں آسمان پر پہنچ جائیں گی۔ مہنگائی کے اس طوفان کو روکنے کے لیے حکومت نے بہترین حکمت عملی بنائی ہے، جس کے تحت اب وزرا چینی کی فروخت کی نگرانی کریں گے۔

پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن، صوبائی سیکرٹریز اور کین کمشنرز کے درمیان اجلاس میں رمضان سے تین دن قبل چینی کے اسٹالز لگانے کا فیصلہ کیا گیا، جو 27 رمضان تک جاری رہیں گے۔ چینی ایک اور دو کلو پیکنگ میں دستیاب ہوگی اور ایک شناختی کارڈ پر 5 کلوگرام چینی خریدنے کی اجازت ہوگی، چینی کے اسٹالز کی نگرانی وفاقی وزراء اور چیف سیکرٹریز کریں گے تاکہ عوام کو مقررہ نرخوں پر چینی کی دستیابی یقینی بنائی جا سکے۔

حکومت کا یہ حال ہے کہ محض چینی کی مقررہ قیمت پر فروخت کو یقینی بنانے کے لیے وزرا اسٹالز پر کھڑے ہوں گے، ویسے تو موجودہ وزیروں کا معیار بھی یہی ہے کہ وہ اسٹالز پر ہی کھڑے رہیں، کیونکہ جو بھی وزیر جب بھی بات کرتا ہے وہ یہی کہتا نظر آتا ہے کہ ہمارے پاس اختیارات نہیں ہیں، تو پھر ایسی وزیروں کے ساتھ حکومت کا یہ مناسب اقدام ہی ہے، کہ ان سے کوئی نہ کوئی تو کام لیا جائے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا رمضان میں محض چینی ہی مہنگی ہوتی ہے یا باقی تمام اشیا کی قیمتیں بھی بڑھتی ہیں، سب سے قیمتوں میں اضافہ تو پھلوں کی ہوتا ہے، پھر پھلوں کی قیمتوں کی نگرانی کے لیے کوئی کمیٹی کیوں تشکیل نہیں دی گئی؟ اسی لحاظ سے جوتے، کپڑے اور دیگر اشیا بھی مہنگی ہوتی ہیں، ان کی مقررہ قیمتوں پر فروخت کو یقینی کیسے بنایا جائے گا اس حوالے سے فی الحال حکومت نے کوئی مشاورت یا اجلاس منعقد نہیں کیا۔

ن لیگ اور پیپلز پارٹی کی مشترکہ حکومت جب سے وجود میں آئی ہے، گزشتہ تین برسوں سے محض دکھاوے کے کام ہی ہوتے نظر آ رہے ہیں، مستقل اور طویل بنیادوں پر کوئی منصوبہ ابھی تک منظر عام پر نہیں آیا، جس سے قوم کو امید ہو کہ آنے والے وقتوں میں ملک اپنے پیروں پر کھڑا ہو جائے گا، وزیراعظم سے لے کر سیکریٹریز تک اور آرمی چیف سے لے کر نا کے پر کھڑا سپاہی تک ملک کی صحیح سمت میں روانگی اور ترقی کی نوید تو سنا رہا ہے لیکن زمینی حقائق تبدیل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ کیا ہی اچھا ہو اگر حکومت دکھاوے کی کارکردگی کے بجائے عملی اقدامات کرے اور قیمتوں میں اضافے کو روکنے کے لیے کوئی ٹھوس حکمت عملی اپنائے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 17 FEB 2025 Page No. 20

# بلوچستان کا طبی شعبہ اور وزیر صحت کی عوام دوست شخصیت



**تحریر: روح اللہ خان داوی**

بلوچستان میں بعض شعبے ایسے ہیں جن میں بہتری اور اصلاح احوال کا فقدان رہا تو [illegible] دور میں دیکھا جاتا [illegible] اقدامات [illegible] دیکھنے میں آ[illegible] ان شعبوں میں صحت اور تعلیم سر فہرست ہیں اور کوئی مانے یا نہ مانے مگر مبنی حقیقت یہی ہے کہ دونوں شعبے وسیع تر اصلاح احوال کے متقاضی ہیں اور یہ امر قابل ستائش ہے کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں موجودہ حکومت ان دونوں شعبوں میں بہتر اور اصلاح احوال کے لئے عملی طور پر کوشاں ہے بالخصوص بلوچستان کے طبی شعبے کی اگر بات کی جائے تو جب سے اس محکمے کا قلمدان ہر دلعزیز عوامی شخصیت بخت محمد کاکڑ کے پاس آیا ہے نمایاں بہتری کا سفر شروع ہوا ہے۔ اس وقت اگر بلوچستان کابینہ پر نگاہ ڈالی جائے تو اس میں بخت محمد کاکڑ کی صورت میں ایک ایسی ہی کندن جیسی شخصیت شامل ہے جو ہر آن ملک اور صوبے کے لئے کچھ کر گزرنے کے لئے پرعزم دکھائی دیتے ہیں صحت کے شعبے میں وہ روز افزوں بہتری اور اصلاح احوال کے لئے کوشاں ہیں بخت محمد کاکڑ نے نامساعد معاشی، سماجی اور موروثی سیاسی حالات کا انتہائی مردانگی اور جرات سے مقابلہ کرکے کامیابی کے منازل طے کئے آٹھ فروری کے عام انتخابات کے بعد حکومت سازی ہوئی تو ابتدائی طور پر انہیں وزارت لائیو اسٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ کی ذمہ داریاں دی گئیں تاہم دو تین ہی مہینوں کے بعد وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور پیپلز پارٹی کی مرکزی قیادت نے موصوف کی استعداد کار، صلاحیتوں کا ادراک کرکے پارٹی اور صوبے کے عوام کی وسیع تر مفاد کو دیکھتے ہوئے انہیں انتہائی اہم مگر حساس وزارت صحت کا قلمدان سونپ دیا تاکہ ان کی ذہانت، استعداد اور صلاحیتوں سے فائدہ اٹھا کر حکومت کو عوامی پذیرائی مل سکے۔ 8 فروری کو الیکشن اور اپنی کامیابی کا ایک سال مکمل ہونے پر اپنی رہائشگاہ کے متصل قائم پیپلز سیکرٹریٹ پر اپنے سپورٹرز، ووٹرز اور حلقہ انتخاب سے چیدہ چیدہ شخصیات کا شکریہ ادا کرنے کیلئے دعوت [illegible] کیا اور اس موقع [illegible] کانفرنس کے نام منسوب اجلاس کے شرکاء سے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے ایک بار پھر حلقہ پی بی 39 کے عوام کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور انتخابی منشور اور عزائم کے تجدید کرتے ہوئے کہا کہ انشاءاللہ علاقے میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھانے کیلئے منصوبہ بندیاں آخری مراحل میں ہیں علاقے کے عوام کی بنیادی ضروریات کا بخوبی احساس ہے۔ بیروزگار نوجوانوں کو باعزت روزگار، تعلیم، صحت، انفراسٹرکچر، پینے کا صاف پانی کی فراہمی، سپورٹس کمپلیکس کی تعمیر کے حوالے ترجیحی اور انقلابی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں جسے حقیقی عوامی خوشحالی اور ترقی کا ایک نیا دور شروع ہوگا۔ اب صرف وعدے اور دعوے نہیں بلکہ عملی کام ہونگے کانفرنس میں موجود شرکاء نے خیر مقدمی تالیاں بجاکر اظہار اطمینان کیا۔ دانا لوگ کہتے ہیں کہ کسی مقصد کو حاصل کرنے کیلئے صرف استعداد اور قابلیت ہی نہیں بلکہ مثبت سوچ اور فکر کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ بخت محمد کاکڑ نہ صرف اہل اور بااستعداد ہے بلکہ مثبت سوچ اور فکر کا پیکر ہے جسے ان کے ناقدین بھی تسلیم کرتے ہیں۔ اسمبلی کا فلور ہو یا وزارت اور یا پھر حلقہ انتخاب غرض ہر جگہ اپنی مثبت انداز گفتگو سے جانب مقابل کا دل موہ لیتے ہیں۔ وزارت صحت کا قلمدان سنبھالتے ہی ہنگامی بنیادوں پر ہسپتالوں، طبی مراکز اور میڈیسن سٹورز کے دورے کئے کوتاہی کے مرتکب ملازمین اور غفلت برتنے والوں کے خلاف فوری طور ایکشن لیا جس کی وجہ سے شہروں اور دیہی علاقوں میں عوام کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی ممکن ہوئی ہے۔ بلوچستان کے عوام بھی بخت محمد کاکڑ کی کارکردگی سے مطمئن نظر آتے ہیں ہمیں امید ہے کہ ان کی جاری کوششیں بارآور ثابت ہوں گی اور صحت کے شعبے میں سروس ڈلیوری کا نظام بہتر اور عوام کو بہتر سے بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کا دیرینہ ہدف اب حاصل ہوکر رہے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Time Quetta

Bullet No. 5

Dated 17 FEB 2025 Page No. 21

# Balochistan in Chaos

Balochistan is grappling with multiple crises, including escalating violence, economic despair, and government apathy, pushing the province into a state of disillusionment. Bomb blasts, targeted attacks on security forces, enforced disappearances, and kidnappings have become disturbingly frequent, creating an environment of fear and instability. At least 11 people were killed and seven others injured when a roadside bomb struck a vehicle carrying coal miners in Pakistan's restive Balochistan province on Friday. The blast targeted a mini-truck in the Shahrag area, highlighting the deteriorating security situation. Attacks on security personnel have become routine across the province. While Baloch insurgents continue their activities, the Taliban are also carrying out subversive attacks on security forces, exacerbating the already precarious situation. Highways are regularly blocked by protesters expressing their frustration, while a pervasive sense of insecurity grips the population. The issue of missing persons continues to escalate, with little effort being made to address this highly sensitive matter. Families of the disappeared continue to protest, demanding justice and accountability, but their pleas largely go unheard. Balochistan's problems are extensive. Poverty and unemployment are rampant, worsened by restrictions on border trade that have left countless people jobless. Many residents rely on cross-border trade with Iran and Afghanistan to sustain their livelihoods, but strict regulations and security crackdowns have severely impacted their earnings. The government's response has been grossly inadequate, consisting of hollow statements rather than concrete action to alleviate suffering. The pace of development projects remains frustratingly slow. This is evident in Quetta, where road project initiated by previous government remain incomplete, causing severe inconvenience to commuters. Infrastructure remains underdeveloped, and essential services such as healthcare and education suffer from chronic neglect. The provincial coalition government appears indifferent to the welfare of the masses and the development of their constituencies, prioritizing political maneuvering over governance. The situation demands urgent and comprehensive measures. The government must move beyond rhetoric and address the root causes of the unrest. A multi-pronged approach involving robust security measures, economic revitalization, and sincere efforts to address the grievances of the Baloch people is imperative. Balochistan's security apparatus requires a thorough overhaul. Intelligence gathering must be strengthened, and law enforcement agencies need better training and equipment to combat terrorism and crime effectively. Therefore, a meaningful dialogue with all stakeholders, including Baloch nationalists, tribal leaders, and civil society, is crucial.